34296-حج اور عمرہ کی نیت سے بغیر احرام میقات تجاوز کرنے کے بعد میقات پر واپس جانا

سوال

ایک شخص حج کی نیت رکھتا ہے لیکن اسے مکہ مکرمہ اور پھر مدینہ میں کوئی کام ہے اور وہ بغیر احرام کے ہی میقات سے تجاوز کر کے مکہ گیا اور پھر مدینہ سفر کر گیا اور مدینہ سے حج کا احرام باندھا تو اس فعل کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جب حاجی مدینہ کے میقات چلا گیا اور وہاں سے احرام باندھ کر آیا تو اس پر بغیر احرام مکہ داخل ہونے میں کوئی حرج نہیں ، لیکن بہتر اور اولی وافضل یہ تھا کہ وہ اپنے پہلے میقات سے ہی احرام باندھ کر مکہ داخل ہوتا ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .